سوال

(830) عورت کے پاس جانے سے مرد کا بیمار ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت اپنے شوہر کے ساتھ بیٹھ تک نہیں سکتی۔ جونہی وہ اس کے پاس جاتی ہے بیمار ہو جاتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معاملہ ملاحظہ ہوا کہ عورت اپنے شوہر کے ساتھ بیٹھ تک نہیں سکتی اور عادل گواہوں نے بھی گواہی دیے کہ عورت جب بھی شوہر کے پاس جاتی ہے بیمار ہو جاتی ہے۔ اور اس شادی کو دس سال ہو رہے ہیں اور اسے عرصے میں ان میں کوئی موافقت نہیں ہوئی ہے اور شوہر اس کو جدا کرنے یا عوض قبول کرنے پر بھی راضی نہیں ہے تو شرعی قاضی کو حق حاصل ہے کہ وہ اس نکاح کو اس حق مہر کے بدلے جو شوہر نے دیا ہے، فسخ کر دے (یعنی شوہر کو واپس کرا دے)۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 586

محدث فتویٰ